© rasailojaraid.com

المعارف لاہور۔ مئی ۱۹۸۱

# سیارہ ڈائجسٹ - (چودہ صدیاں نمبر حصہ اوّل)

مدیر مسئول : عطش درانی

ملنے کا پتا : ۱۲۶ - اے حمید نظامی روڈ - لاہور -

قیمت ۲۵/- روپے

"سیارہ ڈائجسٹ" پاکستان کا ایک ممتاز رسالہ ہے - اب تک اس کے کئی خاص نمبر شائع ہو چکے ہیں - حال ہی میں "چودہ صدیاں نمبر (حصہ اول)" معرضِ اشاعت میں آیا ہے - گزشتہ چودہ صدیوں میں جو حالات پیدا ہوئے اور جن واقعات کے سیلاب سے ہم گزرے، اس کی تفصیلات نہایت طویل و عریض ہیں - اس سلسلے کے ضروری کوائف کو "سیارہ ڈائجسٹ" کے اصحابِ انتظام و ادارت نے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے - اس کا پہلا حصہ اس وقت پیشِ نگاہ ہے، جو پانچ سو سے زائد صفحات میں پھیلا ہوا ہے - اس حصے کو اسلامی علوم و معارف، سائنس اور اسلامی ثقافت کے لیے مخصوص کیا گیا ہے اور اربابِ تحقیق کے بہت سے علمی و تحقیقی مضامین اس میں درج ہیں - اس نمبر میں عہدِ اسلامی کی بعض ان مشہور کتابوں کا تعارف بھی کرایا گیا ہے کہ جو اپنے اپنے موضوع میں بنیادی اہمیت کی حامل ہیں اور مشرقی و مغربی مصنفین ان سے استفادہ کرتے اور بہ طور حوالے کے ان کے اقتباسات اپنی تصنیفات میں درج کرتے ہیں - ان کتابوں میں محمد بن اسحاق ابن ندیم وراق کی "الفہرست" مسعودی کی "مروج الذہب" اور سید امیر علی کی "روحِ اسلام" شامل ہیں -

اپنے مشمولات و مندرجات کے اعتبار سے "سیارہ ڈائجسٹ" کے چودہ صدیاں نمبر کا حصہ اوّل ایک علمی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے - اس ضمن کے دو حصے بعد میں شائع کیے جائیں گے - مضامین کے تنوع کے لحاظ سے یہ نمبر علمی اور معلوماتی قالب میں ڈھل گیا ہے -

سیارہ ڈائجسٹ کے عملہ ادارت نے اس کی ترتیب میں جو محنت کی ہے وہ قابلِ تحسین ہے - اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ باقی دو حصے بھی عمدہ مضامین پر مشتمل ہوں گے -

© rasailojaraid.com